ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com

dailydharti@gmail.com

روزنامہ

دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد02	بدھ 22 فروری 2023ء یکم شعبان 1444ھ 07 پھاگن 2079	صفحات04 / قیمت15 روپے	شمارہ نمبر358

وائس چانسلر جامعہ پونچھ

حالات کے مطابق ترجیحات اور پالیسیاں بدلنا ہوں گی، ہر قدم آگے جانا ہے

جدید دور میں سفر کا رک جانا یا پیچھے چلے جانا دنیا میں کہیں بھی قابل قبول نہیں، ہر ایک ذمہ دار ہے، خود احتسابی کا عمل اپنانا ہوگا

عزم پختہ ہو تو راستہ خود بنتا ہے، ڈاکٹر ذکریا ذاکر، اجلاس میں رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈاکٹر امتیاز اور دیگر کا اظہار خیال

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے کہا ہے کہ حالات کے مطابق اپنی ترجیحات اور پالیسیز کو بدلنا ہوگا۔ ملک کو معاشی مسائل کا سامنا ہے۔ اس کے باوجود ہمارا ہر قدم آگے کی جانب جانا چاہیے۔ جدید دور میں سفر کا رک جانا یا پیچھے چلے جانا دنیا میں کہیں بھی قابل قبول نہیں۔ ہم میں سے ہر ایک ذمہ دار پوزیشن پر ہے اس لیے جوابدہی کیلئے ہمیں خود احتسابی کے اصول کو (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ، وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈاکٹر ناصر رحیم اور دیگر بھی موجود ہیں

اپنانا ہوگا۔ اگر ہم کسی مقصد کے حصول کیلئے پختہ عزم کرلیں تو راستہ خود ہی بنتا ہے۔ یہ دور مقابلے کا دور ہے۔ جب تک آپ مقابلے کی دوڑ میں شریک نہیں ہوں گے ترقی نہیں کرسکیں گے۔ انھوں نے کہا کہ وسائل سے مہارت نہیں ملتی ۔ مہارت آپ اس وقت حاصل کرتے ہیں جب آپ محدود وسائل کے باوجود بہت ہی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے جامعہ پونچھ کے ڈینز، ڈائریکٹرز اور پرنسپل افسران کے اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ میں ہر موقع پر قانون کی بالا دستی پر یقین رکھتا ہوں۔ قانون پر عملدرآمد سے آپ کے مسائل میں کمی آتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مسائل کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ ہم فیصلے بروقت نہ کریں۔ بروقت فیصلوں کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ ہم تنخواہ تو پورے ماہ کیلئے ہیں اس لیئے کوئی بھی کام مکمل کئے بغیر ہمیں چین سے نہیں بیٹھنا چاہیے۔ انسان کی عزت و وقار اس کی عمومی کارکردگی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں بحیثیت مجموعی کلیریکل سوچ سے نکلنا ہوگا۔ اس موقع پر ڈین بیسک سائنسز و رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف خان، پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈاکٹر امتیاز حسین، ڈاکٹر ذوالفقار حسین کھو، ڈاکٹر عبدالخالق، محمد شمیم خان اور دیگر نے بھی اظہار خیال کیا